تبصرے

فوائدِ جامعہ بر عجالۂ نافعہ : تقطیع متوسط - ضخامت ۴۴۵ صفحات - کتابت و طباعت بہتر - قیمت ۱۵ روپے - پتہ :- حاجی نور محمد - کارخانہ تجارتِ کتب - آرام باغ - کراچی -

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے منجملہ اور ضخیم اور نہایت گرانقدر کتابوں کے ایک عزیز شاگرد کی فرمائش پر ایک رسالہ علمِ حدیث اور اس کے متعلقات پر بھی فارسی زبان میں لکھا تھا اور چونکہ یہ قلم برداشتہ لکھا گیا تھا اس لئے "عجالۂ نافعہ" کے نام سے مشہور ہوگیا۔ رسالہ اگرچہ مختصر ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ حدیث کی تعریف، اس کے فوائد اور غایات - انواع و اقسام - محدثین کے طبقات، مشہور کتبِ حدیث اور ان کی قسمیں - رواۃ کے طبقات وغیرہ یعنی فنی حیثیت سے حدیث سے متعلق جو معلومات اساتذہ اور طلباء کے لئے ضروری ہیں اُن سب کا مختصر تذکرہ اس میں موجود ہے۔ اس بنا پر یہ رسالہ اربابِ علم میں ہمیشہ بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھا گیا اور متعدد بار اصل اور ترجمہ کے ساتھ بھی طبع ہو چکا ہے، لیکن زیرِ تبصرہ کتاب جس کو مولانا محمد عبدالحلیم چشتی نے بڑی محنت اور قابلیت سے مرتب کیا ہے، اس سلسلہ میں سب سے بمراحل سبقت لے گئی ہے۔ چنانچہ شروع میں اصل رسالہ فارسی میں تصحیح کے اہتمام کے ساتھ ہے۔ اس کے بعد اس کا اُردو ترجمہ ہے، اور اس پر مستزاد یہ کہ حضرت شاہ صاحب نے رسالہ میں جن اشخاص و اعلام، کتبِ حدیث اور مصطلحات و متعلقاتِ فن کا ذکر کیا تھا، لائق مرتب نے اُن سب پر مفصل اور مستند حوالوں کے ساتھ بڑے قیمتی اور مفید حواشی لکھے ہیں جن کی تعداد تین سو پچیس (۳۲۵) ہے۔ آخر میں حروفِ تہجی کی ترتیب سے مآخذ کی ایک طویل فہرست ہے اور یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ اس کے بعد ہی اس سے بھی زیادہ طویل غلط نامہ ہے۔ بہرحال اس سے قطع نظر یہ کتاب ایک رسالہ اور اُس کا اُردو ترجمہ نہیں بلکہ دراصل حدیث پر ایک چھوٹی سی انسائیکلو پیڈیا ہے۔ امید ہے